© rasailojaraid.com



پونے تین سو صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت ساٹھ روپے ہے اور یہ مکتبہ حنفیہ نزد ڈاکخانہ اردو بازار گوجرانوالہ سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

## کتاب الجہاد للعکبریؒ

چوتھی صدی کے حنبلی عالم و محدث حضرت ابو عبد اللہ عبید اللہ بن محمد بن حمدان العکبریؒ نے جو ابن بطہ حنبلیؒ کے نام سے معروف ہیں جہاد کے احکام و مسائل پر ایک مستقل رسالہ تصنیف فرمایا جس میں قرآن و سنت کی روشنی میں جہاد کی اہمیت اور اس کے احکام و مسائل کا ذکر کیا گیا ہے ہمارے محترم اور فاضل دوست جناب ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن نے اس کا اردو ترجمہ کیا ہے اور اسے فرنیئر پبلشنگ کمپنی اردو بازار لاہور نے معیاری کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے قیمت درج نہیں ہے۔

## بیعت کی حقیقت

تالیف ڈاکٹر محمد اسماعیل میمن مدنی صفحات ۳۶ ہدیہ -/۲ روپے

ناشر صدیقی ٹرسٹ، نسیم پلازا لسبیلہ چوک نشتر روڈ، کراچی

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے قبول اسلام اور ایمان کی بیعت کے علاوہ مختلف اوقات میں بعض خاص اعمال کے لیے بھی بیعت لیتے تھے جس کا مقصد ان اعمال کی اہمیت کو دل میں بٹھانا اور متعلقہ حضرات کو زیادہ اہتمام کے ساتھ ان اعمال کی پاسداری کے لیے تیار کرنا ہوتا تھا۔ صوفیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے اصلاح نفس اور تزکیہ کے لیے قرآن و سنت کی روشنی میں جو مختلف طریقے تجویز کیے اور اس مقصد کے لیے جن اعمال و اذکار کو مفید اور ضروری جانا ان کی اہمیت کو مسترشدین اور طالبین کے دلوں میں بٹھانے کے لیے بیعت کی اسی سنت سے استفادہ کیا اور بیعت کا یہ سلسلہ صوفیائے کرامؒ کے کم و بیش تمام طریقوں میں مروج ہے۔

دین کی حقیقی روح سے ناآشنا اور تزکیہ و اصلاح کے مقاصد سے بے خبر (باقی ص۸ پر)

© rasailojaraid.com